رئیس احمد جعفری

تنقید و تبصرہ

اسلام کا نظامِ حکومت

ندوۃ المصنّفین دہلی ہندوستان کا ایک قابلِ قدر علمی ادارہ ہے۔ اس کے مطبوعات کی تعداد اگرچہ بہت زیادہ نہیں ہے لیکن جتنی کتابیں بھی اس ادارہ کی طرف سے شائع ہوئی ہیں وہ اپنی افادیت و اہمیت اور معیارِ تحقیق کے لحاظ سے اُردو زبان کا قابلِ فخر سرمایہ ہیں۔ اسلام کا نظامِ حکومت ندوۃ المصنّفین کی تازہ ترین کتاب ہے۔ اس کے مؤلف مولانا حامد الانصاری غازی ہیں جو دنیائے صحافت میں دیرینہ شہرت کے حامل ہیں۔ کتابت کی خوبی اور طباعت کے ستھرے پن میں ندوۃ المصنّفین کی روائتی شان جھلک رہی ہے۔ ضخامت ساڑھے چار سو صفحات سے زائد۔ قیمت سات روپے۔

مولانا غازی نے جس موضوع پر قلم اُٹھایا ہے وہ بڑا اہم ہے اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اُنھوں نے اپنے موضوع کے متعلق جملہ مباحث پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ اور اس زمانہ میں جبکہ لوگ اسلام ہی کو بھولتے جا رہے ہیں اسلامی نظامِ حکومت پر ایک قابلِ قدر تالیف کا پیش کرنا نہایت بڑا اور قابلِ تعریف کارنامہ ہے۔

کوئی موضوع بھی ایسا نہیں ہے جس کا صرف ایک ہی پہلو ہو۔ اور کوئی اہلِ قلم بھی یہ دعوےٰ نہیں کرسکتا کہ اُس نے موضوع کے ہر پہلو کو اپنی گرفت میں لے لیا ہے۔ یہ بات اس کتاب کے بارے میں بھی کہی جا سکتی ہے لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ بحیثیت مجموعی یہ کتاب جہاں فاضل مؤلف کی ذہانت اور ذکاوت کا شاہکار ہے وہاں وقت کی ایک اہم ضرورت کی تکمیل بھی اس سے ہوتی ہے۔ اس کتاب کے پڑھنے کے بعد اسلامی نظامِ حکومت کا ایک دلنشیں خاکہ نظر کے سامنے آجاتا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کس طرح کی حکومت قائم کرنا چاہتا ہے۔ یہ خالص علمی اور تحقیقی موضوع ہے اور فاضل مؤلف نے اس موضوع کے ساتھ پورا پورا انصاف کیا ہے۔

اسلام کا زرعی نظام

یہ کتاب بھی ندوۃ المصنّفین دہلی نے شائع کی ہے۔ اس کے مؤلف محمد تقی امینی صاحب ہیں۔ کتابت اور طباعت ندوۃ المصنّفین کے شایانِ شان ہے۔ ضخامت تین سو صفحے۔ قیمت پانچ روپے۔

اسلام زندگی کے ہر پہلو پر حاوی ہے۔ انسانی ضروریات سے متعلق کوئی پہلو ایسا نہیں ہے جس پر